سوال

(510) عورت کا اجنبی مرد اور اس کے گھر والوں کی معیت میں حج کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت کا بیٹا ہے جس کی عمر تیرہ سال ہے، توکیا یہ عورت ایک اجنبی مرد اور اس کے گھر والوں کی معیت میں حج کے لیے جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

الحمدللہ کوئی حرج نہیں کہ یہ عورت آپ لوگوں کی معیت میں فریضہ حج ادا کر سکتی ہے، کیونکہ اس کے ساتھ اس کا تیرہ سالہ بیٹا موجود ہے اور ساتھ ہی قابل اعتماد دوسری خواتین بھی موجود ہیں۔ اگرچہ اس بچے میں محرم ہونے کی شرطیں کامل نہیں ہیں، مگر دوسری قابل اعتماد خواتین کی معیت سے اس کی یہ کمی پوری ہو جاتی ہے۔ اور کئی فقہائے کرام قابل اعتماد خواتین کی معیت میں سفر حج جائز کہتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 382

محدث فتویٰ